نقد و نظر

نقد و نظر

ادارہ

ختم نبوت زندہ باد (خصوصی شمارہ)

مولانا محمد طیب طوفانی۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ ناشر: الحسن اکیڈمی سرائے نورنگ ضلع لکی مروت، خیبر پختون خوا، فون نمبر: ۳۰۰۵۳۱۳-۰۳۰۱۔

قادیانی اپنے حلیے، لباس، پوشاک، وضع قطع اور اپنے ناموں کی طرح اپنے عقائد، عبادات اور شعائر اسلام کا استعمال کر کے بہت سارے سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اس لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کا بہت زیادہ پرچار کیا جائے۔ اس سے مسلمانوں خصوصاً نئی نسل کے ایمان و اسلام کو بچایا جا سکتا ہے۔ محترم مولانا محمد طیب طوفانی صاحب نے اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے یہ دوسرا شمارہ بنام ''ختم نبوت زندہ باد'' شائع کیا ہے۔ ختم نبوت پر مشتمل اہم مضامین کا مجموعہ ہے، جن کا پڑھنا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔

مرزا کے عقائد و کردار

حضرت الحاج حافظ محمد صغیر احمد صاحب دامت برکاتہم۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: درج نہیں۔ ناشر: مدرسہ احسان القرآن والعلوم النبویہ، جامع مسجد احسان، شارع الامیر معاویہؓ، راج گڑھ بطرف چوبرجی، لاہور۔

اس رسالہ میں مؤلف نے مرزا قادیانی کے ابتدائی خدوخال سے لے کر اس کے دعویٰ نبوت اور دیگر ارتدادی دعاوی تک کا خلاصہ اور نچوڑ عام فہم انداز میں مرتب کر دیا ہے۔

اس رسالہ کے بارہ میں شاہین ختم نبوت مرکزی راہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضرت مولانا محمد اللہ وسایا مدظلہ لکھتے ہیں: ''اس رسالہ کو پڑھیے کہ پڑھنے کی چیز ہے، ایک اہل اللہ صاحب دل بزرگ کے رشحاتِ قلم سے خلق خدا کی ہدایت کا پردۂ غیب سے اہتمام ہوا ہے۔''

تقریر ختم صحیح بخاری

افادات: شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد رمضان پھلپوٹو۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ ناشر: مدرسہ عربیہ مظہر العلوم حمادیہ، کھوڑا ضلع خیر پور میرس، سندھ۔

زیر تبصرہ رسالہ اختتام صحیح بخاری پر کی گئی ایک تقریر ہے، جسے کیسٹ سے نقل کرکے کتابی شکل دی گئی ہے۔ اس رسالہ میں امام بخاری رحمہ اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی بھی دیئے گئے ہیں اور آخر میں اسی مدرسہ کا تعارف بھی دیا گیا ہے۔ حدیث کا ذوق رکھنے والوں کے لیے یہ ایک نئی سوغات ہے۔

میراث میں حقوقِ نسواں

مفتی عبد الرحیم نذیر صاحب۔ صفحات: ۶۰۔ قیمت: درج نہیں۔ ملنے کا پتہ: اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی۔

دین اسلام میں زندگی سے موت تک تمام معاملات میں راہنمائی کی گئی ہے، خصوصاً مالی معاملات میں بہت ہی زیادہ احتیاط کی تاکید کی گئی ہے، لیکن ہند و پاک کے مسلم معاشرہ میں میراث جیسے اہم مالی معاملہ کو اختیاری چیز بنادیا گیا ہے اور کئی اعتبار سے خواتین کا یہ مالی استحصال کیا جاتا ہے۔ موصوف مؤلف نے میراث میں عورتوں کے حقوق پر تفصیل سے بحث کی ہے اور کئی ایک واقعات بھی اس میں درج کیے ہیں، جن میں مالی معاملات میں احتیاط کی ترغیب اور عدم احتیاط میں دنیوی واخروی نقصانات ہونے کا ذکر کیا ہے۔ ماشاء اللہ! مؤلف کی یہ بہت عمدہ کوشش ہے۔

ایمان کے (۷۷) ستتر شعبے

مولانا سہیل الرحمٰن صاحب۔ صفحات: ۵۴۵۔ قیمت: درج نہیں۔ ناشر: مکتبۃ الشیخ ۳/۴۴۵ بہادر آباد کراچی نمبر: ۵۔

آپ ﷺ نے ایمان، اسلام اور احسان کے بارہ میں تفصیلات بیان کی ہیں، اسی طرح اسلام کے بنیادی ارکان کا بھی ذکر فرمایا ہے اور احادیث میں ایمان کے شعبوں کا بھی ذکر آیا ہے۔ کسی میں پانچ شعبوں کا ذکر، کسی میں ستر سے کچھ اوپر شعبوں کا ذکر آیا ہے۔

اس بارہ میں علمائے امت نے ہر دور میں کتابیں تالیف کی ہیں جو اکثر وبیشتر عربی زبان میں ہیں۔ مؤلف موصوف نے زیر تبصرہ کتاب کا نام ایمان کے ستتر شعبے رکھا ہے اور مختلف کتب کی مدد سے ان شعبوں کا تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ یہ اس سلسلہ کی پہلی جلد ہے جس میں تیس شعبوں کا ذکر اور تفصیل ہے۔

مؤلف نے ٹائٹل پر اس کتاب کا یوں تعارف کرایا ہے:

''۱:......ستتر شعبہ جات کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا۔

۲:......وہ اعمال جن کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان میں سے فرمایا۔

۳:......آیات مبارکہ، احادیث مقدسہ اور علماء مفسرین ومحدثین رحمہم اللہ کے اقوال سے مزین ایک مفصل کتاب۔

۴:......اس پہلی جلد میں ان تیس شعبوں کا تذکرہ ہے، جن کا تعلق عقائد سے ہے۔

۵:......اہل علم، طلبہ، عوام الناس سب کے لیے یکساں مفید۔''

حضرت مولانا فضل محمد صاحب استاذ حدیث جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کی جاندار الفاظ میں تقریظ اس پر ثبت ہے جو اس کتاب کی ثقاہت کی بین دلیل ہے۔

اللہ تعالیٰ مؤلف کی اس محنت کو قبول فرمائیں۔ ہم سب کو اپنے ایمان کی حفاظت کی فکر اور اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائیں۔

ریاض الصالحین

مؤلف: الامام محی الدین بن شرف النووی رحمہ اللہ۔ تحقیق، تخریج وتعلیق: الشیخ مصطفی محمد عمارہ رحمہ اللہ۔ صفحات: ۵۷۸۔ عام قیمت: ۱۰۰۰، ایک ہزار روپے۔ ناشر: مکتبہ زمزم، نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جزائے خیر دے مکتبہ زمزم کے کارپردازان اور ذمہ داران کو کہ انہوں نے بہت ہی عمدہ، غلطیوں سے محفوظ اور خوبصورت انداز میں دینی کتابوں کو دینی حلقوں میں عام کیا ہے۔ ہر نئی کتاب پہلے سے زیادہ نفاست اور خوبصورتی کے زیور سے آراستہ پیراستہ قارئین تک پہنچتی ہے۔

ریاض الصالحین ان کتب میں سے ہے، جسے بیک وقت کئی مکتبوں سے شائع ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ لیکن مکتبہ زمزم نے اس کو دو رنگوں میں بہت ہی نفیس پیرائے میں شائع کیا ہے۔ کتاب کا کاغذ، طباعت، کمپوزنگ اور جلد ہر اعتبار سے اعلیٰ معیار کو اختیار کیا گیا ہے اور حدیث پر اعراب کا بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ مکتبہ زمزم کے احباب کی اس محنت کو قبول فرمائیں۔ آمین

☆☆☆☆☆